© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**فصلِ زیاں** حفیظ الرحمٰن احسن مدیر انتظامی سیارہ - ناشر: ایوانِ ادب، چوک اُردو بازار، لاہور - ۵۴۰۰۰ تقسیم کنندہ: سدا بہار پبلی کیشنز - ۳، الفضل مارکیٹ ۱۷، اُردو بازار، لاہور - کاغذ، طباعتی معیار، جلد اور گرد پوش قابلِ تعریف - صفحات: ۱۳۵ - قیمت: ۴۵/- روپے

میں اس کتاب پر کیا لکھوں ؟ ایک تو یہ میرے رفیقِ کار کا مجموعۂ غزلیات، دوسرے اس مجموعے پر میں پہلے ہی "غزل کی باتوں" کے عنوان سے حفیظ احسن صاحب کی شاعری پر اظہارِ رائے کر چکا ہوں - وہ دل و دماغ کو چھیدتے تیروں کا بے نظیر دور تھا جس کے احوالِ زار کو بہ پیرایۂ غزل پیش کرنے کا مشکل تجربہ حفیظ احسن صاحب نے کیا - خلق کے دلدلی تالاب میں سے غزل کنول بن کر نمودار ہوتی - اس کی شان میں ایک اہم گواہی ملاحظہ ہو:

"مولینا ظفر علی خاں کے کمالِ فن اور اکبر الٰہ آبادی کی کاٹ کے دو عظیم دھاروں کے مابین ایک اور آبنائے شعر جو اپنے وجود میں مختصر اپنی تندی میں کڑی کمان کا وہ تیر ہے جو فصلِ زیاں کے ترکش ہی سے برآمد ہو سکتا ہے"۔ (فلیپ از اشفاق احمد - داستان سرائے - لاہور)

دوسری بڑی گواہی:

"احسن کے پیرایۂ اظہار کے دو انداز نمایاں ہیں - ایک تو غزل کے روایتی محبوب کا وہ تصوراتی پیکر ہے جو ہماری غزل کا سرمایہ خاص رہا ہے

© rasailojaraid.com